| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 7 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |
| باب چہارم: اخلاق و آداب | | سبق کا نام: بڑوں کا ادب | |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- بڑوں کے ادب و احترام کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔
- بڑوں کے احترام کی عادت کو اپنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** **5 منٹ**

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں اس دُنیا میں ہر انسان کے لیے اُس کے ماں باپ کا رُتبہ سب سے بلند ہے۔ قرآن مجید میں ہر مقام پر توحید کے بعد والدین کے حقوق کی تاکید کی گئی۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ:

"تو میرا اور اپنے والدین کا شکر ادا کرنا۔" (سورۃ لقمان، ۱۴)

**طریقہ تدریس:** **15 منٹ**

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر ۴۴ سے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں والدین کی اطاعت و خدمت اولاد پر فرض ہے اور والدین کی خدمت کو اللہ اور اس کے رسول خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نے جہاد جیسے اہم فریضہ کی ادائیگی کے وقت بھی برتری دی۔ اس کی مثال یہ ہے کہ جاہمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ میں جہاد پر جانے کا اِرادہ رکھتا ہوں اور آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم سے مشورہ لینے آیا ہوں۔ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کیا تیری ماں زندہ ہے؟ عرض کیا ہاں! آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا:
"ماں کی خدمت کر اس لیے کہ جنت ماں کے قدموں کے نیچے ہے۔" (احمد، نسائی، بیہقی)

- طلبہ کو بتائیں کہ ہمیں اپنے والدین کے ساتھ اچھا سلوک کرنا چاہیے۔

ہمیں چاہیے:

- اُن کے سامنے اُونچی آواز میں بات نہ کریں۔
- اُن کا ہر حکم مانیں۔
- گھر میں داخل ہوں تو انھیں سلام کریں۔
- کہیں جانا ہو تو اُن سے پہلے اجازت لیں۔
- طلبہ کو تاکید کریں کہ اگر ان تمام باتوں کا خیال رکھیں گے تو یقیناً دنیا و آخرت میں کامیابی ہمارا مقدر ہو گی۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| معذرت | مع۔ذَ۔رَت | معافی |
| پُکارنا | پُ۔کار۔نا | آواز دینا۔بُلانا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصور مختصراً دُہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے مشق جزو 2 اور 3 کا سوال کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

کامیاب انسان بننے کے لیے کیا ضروری ہے؟ طلبہ چند جملے اپنی کاپیوں میں تحریر کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 7 | تاریخ: ______ | وقت: 40منٹ |

| | |
|---|---|
| باب چہارم: اخلاق و آداب | سبق کا نام: جان وروں سے اچھا سلوک |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- جان سکیں کہ تمام جان ور اللہ تعالیٰ کی تخلیق ہیں ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا چاہیے۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** **5منٹ**

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں اسلام نے جہاں انسانوں کے حقوق اور اُن سے حسنِ اخلاق کا درس دیا۔ وہیں ہمیں جان وروں کے ساتھ بھی حُسنِ سلوک کا حکم دیا۔

**طریقہ تدریس:** **15منٹ**

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر ۴۶ سے پہلے پیرا گراف کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- انھیں بتائیں اللہ تعالیٰ نے بے شمار مخلوقات کو پیدا فرمایا ہے انھی میں سے ایک جان ور بھی ہے۔
- طلبہ کو متن کا حوالہ دیتے ہوئے بتائیں کہ جان ور اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہیں۔ ان کو اللہ تعالیٰ نے ہمارے لیے پیدا کیا ہے تاکہ ہم ان سے فائدہ اُٹھا سکیں۔
- طلبہ سے پوچھیں ہم جانوروں کو کن کن مقاصد کے لیے استعمال کرتے ہیں اُن سے جوابات لیں اور تختہ تحریر پر اہم نکات لکھتے جائیں۔ ہم جانوروں کو استعمال کرتے ہیں:
  - بار برداری کے لیے
  - دودھ حاصل کرنے کے لیے
  - گوشت حاصل کرنے کے لیے
  - چمڑے کے لیے

- طلبہ کو بتائیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے ہمیں جانوروں کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آنے کا درس دیا اور فرمایا کہ ان کے ساتھ بھلائی کرنے والے کو اللہ تعالیٰ بڑے اجر سے نوازتا ہے۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
| --- | --- | --- |
| درس | دَ۔رْ۔س | سبق |
| بوجھ | بو۔جُھ | وزن |
| برتاؤ | بر۔تا۔آو | سلوک |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصّور مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(ا) کے پہلے سوال کا جواب طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق گھر میں دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ سے پوچھیں: کیا آپ اپنے ارد گرد موجود جانوروں کا خیال رکھتے ہیں؟

| سبقی منصوبہ بندی: 3 | مضمون: اسلامیات | جماعت: دوم | تیسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 7 | اُستاد کا نام: ______ |

| سبق کا نام: جان وروں سے اچّھا سلوک | باب چہارم: اخلاق و آداب |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- جان وروں کے حقوق سے آگاہ ہو سکیں۔
- جان وروں کے ساتھ عملی طور پر اچھے سلوک اور ہمدردی کا مظاہرہ کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں اسلام نے ہمیں جان وروں کے حقوق سے آگاہ کیا اور ہر جاندار کے کچھ بنیادی حقوق ہیں اور مسلمانوں کو یہ حکم ملا ہے کہ وہ جان وروں کے حقوق کو سنّتِ رسول خاتم النبیین ﷺ سمجھتے ہوئے ادا کریں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۴۶ کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- اُنھیں بتائیں جن جان وروں کے حقوق دینِ اسلام نے مقرر کیے ہیں انھیں پورا کرنا ہمارا فرض ہے۔ دینِ اسلام کے مطابق تم میں سے بہترین وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کی مخلوق کو زیادہ فائدہ پہنچانے والا ہو۔
- طلبہ کو جان وروں کے حقوق متن کی مدد سے واضح کریں اور بتائیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نے جان وروں کے منہ پر مارنے اور ان پر بطور نشانی داغ لگانے کی بھی ممانعت فرمائی۔
- طلبہ کو جان وروں کے ساتھ حسنِ سلوک کے متعلق ایک واقعہ سنائیں۔ ایک مرتبہ ایک شخص جنگل سے گزر رہا تھا اُسے سخت پیاس لگی تو کنویں کے پاس جا کر پانی پینے لگا۔

واپس لوٹ رہا تھا کہ ایک کتے کو زبان نکالے ہوئے پیاسا پایا۔ اس کو اپنی تکلیف یاد آئی تو اس نے کتے پر ترس کھایا اور کنویں سے پانی پلایا۔ جب یہ بات اللہ تعالیٰ کے رسول خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم تک پہنچی تو آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے اس کے اس عمل کو قبول فرمالیا اور اس کی بخشش فرمادی۔ ایک صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ سُن کر دریافت کیا! یارسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم ! کیا جانوروں کے ساتھ شفقت و رحمت پر بھی کوئی اجر ملتا ہے۔ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ کیوں نہیں؟ ہر جان دار کے ساتھ رحم کرنے میں اجر و ثواب ہے۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ: 5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| لادنا | لا۔د۔نا | سامان وغیرہ رکھنا |
| برداشت | بر۔دا۔شت | صبر و تحمل |
| اجر | اَ۔جر | ثواب وصلہ |

**اعادہ: 2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصوّر مختصر اً دہرائیں۔

**جائزہ: 6منٹ**

مشق جزو(ا) کے سوال ۲ اور ۳ کا جواب طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام: 2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ: 5منٹ**

ہم پالتو جانوروں سے جو فوائد حاصل کرتے ہیں۔ ان پر پانچ جملے لکھیں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| نام: ____________ | مضمون: اسلامیات | سبق: جان وروں سے اچھا سلوک |

**سوال 1: دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اُونٹ | نرمی | اللہ تعالیٰ | فرض | مخلوقات |

ا۔ اللہ تعالیٰ نے بے شمار ____________ پیدا کی ہیں۔

۲۔ جان وروں کے حقوق پورے کرنا ہمارا ____________ ہے۔

۳۔ بے زبانوں کے معاملے میں ____________ سے ڈرو۔

۴۔ ایک باغ میں کمزور سا ____________ تھا۔

۵۔ ہمیں چاہیے کہ جان وروں کے ساتھ ____________ سے پیش آئیں۔

**سوال 2: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔**

ا۔ ہمیں جان وروں کو چارا/پانی دینا چاہیے:

(الف) دیر سے (ب) وقت پر (ج) ہر دو دن بعد (د) ایک ہفتے بعد

۲۔ ہمیں جان وروں سے پیش آنا چاہیے:

(الف) نرمی سے (ب) سختی سے (ج) غصے سے (د) تلخی سے

۳۔ سبق میں درج واقعے کے مطابق حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّم نے باغ میں دیکھا:

(الف) کمزور گھوڑا (ب) کمزور خچر (ج) کمزور اُونٹ (د) کمزور بکرا